پندرہ روزہ
# الہلال
ٹورانٹو ۔ کنیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ
۲۵ اگست ۱۹۸۴
۲۹ ذی العقدہ ۱۴۰۴
بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
جلد نمبر ۱۳
شمارہ نمبر ۱۱

# پاکستان کا مستقبل اسلامی مملکت سے ہی وابستہ ہے، عالمی سیمینار

## پاکستان کے مسائل کا ذمہ دار مغرب زدہ طبقہ ہے

## اسلامی تحریک علماء کی قیادت میں ہی اسلامی انقلاب لا سکتی ہے

مسلم انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام لوکن ہال میں پاکستان کا مستقبل کیا ہے کے موضوع پر عالمی سیمینار سے ... خطاب کر رہے ہیں ... ڈاکٹر کلیم صدیقی، مولانا سلیمان ... خطاب کر رہے ہیں نیچے کی تصویر میں حاضرین بیٹھے ہیں

لندن ۔ پاکستان کے مستقبل پر ایک عظیم عالمی سیمینار کے تیسرے اور آخری دن عالم اسلام سے آئے ہوئے مندوبین نے متعدد قراردادیں منظور کیں۔ یہ عالمی سیمینار مسلم انسٹی ٹیوٹ آف لندن کے زیر اہتمام لندن یونیورسٹی کے لوکن ہال میں ۲۴ تا ۲۶ اگست منعقد ہوا۔ اس سیمینار کی ایک خاص بات یہ تھی کہ پاکستان کے مستقبل پر اس مباحثہ میں نہ صرف پاکستان سے بلکہ تمام عالم اسلام کے علمائے کرام، عظیم مفکر، دانشور اور اسلامی تحریک سے وابستہ خواتین و حضرات نے شرکت کی۔ جن میں مسجد الاقصیٰ کے سابق امام شیخ اسعد التمیمی، ان کے صاحبزادے شیخ نادر التمیمی، لبنان کے محرک عالم دین شیخ ماہر حمود، مصر کی معروف صحافی خاتون صافی ناز کاظم، "در مصر ہی سے ڈاکٹر سید محمد احمد، ناصر عبد الہادی، ناصر اور سعود المولی، ترکی سے فہمی کورو، حسین جیلان اور حسین کرکایا، نائیجیریا سے ڈاکٹر احمد محمد کانی، سوڈان سے ڈاکٹر مدثر عبد الرحیم، ملیشیا سے کوپا کٹی اور فضل اللہ شعیب، انڈونیشیا سے حسن تیرو، اور سنگا پور سے ملک جیعار، پاکستان سے مولانا سلیمان طاہر، مولانا قمر الدین ہاشمی، مولانا عبد الغفور جالوری بلوچ، مولانا عزیز الرحمن، سید حزب اللہ شاہ جیلانی، امان اللہ شادیزئی اور ڈاکٹر موسیٰ جان قابل ذکر ہیں۔

تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ پاکستان کے مستقبل پر اس قسم کا مباحثہ ہوا۔ سیمینار میں متعدد قراردادیں منظور ہوئیں۔ جن میں سر فہرست یہ بات تھی کہ برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان کا جو مطالبہ کیا تھا وہ بالکل درست اور حق پر مبنی تھا اور اس تحریک میں قائد اعظم محمد علی جناح نے ایک مثالی کردار ادا کیا۔ سیمینار نے پاکستان میں مغرب زدہ طبقہ کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں پاکستان کے تمام تر مسائل کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ اسی طبقہ نے اپنے ذاتی مفاد کی خاطر پاکستانی عوام کو دیدہ و دانستہ ان کے حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور پاکستان کو ایک اسلامی مملکت بنانے کے بجائے لادینی (Secular) مملکت بنانے میں کوشاں رہے ہیں۔ یہ اسی طبقے کی خود غرضانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ غیر ملکی طاقتیں پاکستان کے اندرونی حالات پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اور ملک کو نہ صرف بار بار فوجی آمریت کا مقابلہ کرنا پڑا ہے بلکہ وہ دو ٹکڑے ہو چکا ہے۔ آج ایک اور فوجی آمر ملک پر قابض ہے اور پاکستان ایک بار پھر اپنی حیات اور موت کے دوراہے پر کھڑا ہے۔

سیمینار کی افتتاحی نشست میں مسلم انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر جناب ڈاکٹر کلیم صدیقی نے اپنے خطبہ صدارت میں فرمایا، پاکستان ایک جغرافیائی خطہ ارضی کا نام نہیں۔ لفظ پاکستان دراصل ہر مسلمان کے دل کی دھڑکن کی ترجمانی کرتا ہے۔ دنیا میں پاکستان واحد ملک ہے جو صرف اس لئے بنا کہ اس کو مسلمانوں نے اپنے دینی تشخص کے لئے ضروری سمجھا۔ پاکستان وہ جغرافیائی اور سیاسی جسم ہے جس میں اسلامی طرز حکومت کی روح کو داخل ہونا تھا۔ لیکن مسلم لیگ کے لیڈر جن کے ہاتھوں پاکستان بنا، لادینی (Secular) قومیت کے نظریے کے حامی تھے۔ اور لادینی سیاست کو جانتے اور سمجھتے تھے۔ ان کے ذہن میں اسلامی حکومت کا کوئی واضح تصور نہیں تھا۔

ڈاکٹر صدیقی نے پاکستان کے مستقبل کے لئے لائحہ عمل پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستان کا مستقبل صرف پاکستانی عوام ہی کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ مسئلہ تمام امت مسلمہ کا ایک اہم مسئلہ ہے۔ امت مسلمہ کا ہر حصہ اور اس کا ہر فرد امت کے ہر دوسرے حصہ اور فرد کے دفاع سے وابستہ ہے۔ مسلمانوں میں صرف عقائد ہی قدر مشترک نہیں ہیں بلکہ تمام مسلمان ایک ہی سیاسی نظریہ اور سیاسی کلچر بھی رکھتے ہیں۔ چنانچہ ضروری ہے کہ امت مسلمہ کے سیاسی مقاصد اور ان مقاصد کے حصول کے لئے ساری امت اور اس کا ہر حصہ مصروف عمل ہو۔

امت مسلمہ کے سیاسی اغراض و مقاصد کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر صدیقی نے مندوبین کی توجہ گذشتہ سال اسلام میں مملکت اور سیاست کے تصور پر ایک عالمی سیمینار کی طرف دلائی۔ اس سیمینار میں مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر کے علماء اور دانشوروں نے شرکت کی تھی اور یہ طے پایا تھا کہ

۱۔ دنیائے اسلام سے ان تمام سیاسی طاقتوں کو جو اللہ اور اس کے رسول کے خلاف ہوں ختم و نابود کیا جائے۔

۲۔ دنیائے اسلام سے وطنیت اور قومیت کے تمام نشان مٹا دیئے جائیں اور خصوصاً قومی سرحدوں کو ختم کیا جائے۔

۳۔ دنیا کی تمام اسلامی تحریکوں کو ایک عالمی تحریک میں منضم کیا جائے تاکہ وہ نئی اسلامی حکومتیں قائم کر سکیں۔

۴۔ دنیائے اسلام کی نئے سرے سے شیرازہ بندی ہو اور نئی اسلامی حکومتوں کو نئے اسلامی اداروں کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک کر دیا جائے۔

جس طرح مسلمان ایک امت ہیں، اسی طرح تحریک اسلامی بھی ایک عالمی تحریک ہے بلکہ درست تو یہ ہے کہ امت مسلمہ خود ہی ایک تحریک اسلامی ہے۔ مسلمانوں کی یہ امت کوئی بے حال و بے مقصد غیر منظم افراد کا بے ہنگم مجموعہ نہیں۔ امت مسلمہ دراصل اس کرۂ ارض پر اللہ تبارک و تعالیٰ کی مرضی اور مقصد کا مظہر ہے۔ اور اسلامی تحریک ہی کسی خطے میں اسلامی انقلاب برپا کر سکتی ہے۔ لیکن اسلامی تحریک کے ابھرنے اور اسلامی انقلاب برپا کرنے کے لئے کچھ بنیادی عوامل کا موجود ہونا ضروری ہے۔ ان ابتدائی عوامل میں سیاسی اور مذہبی بیداری کی دیرینہ روایات، مملکت و معاشرہ میں استبداد اور مظالم کا دور دورہ، مسلمان عوام میں عرصے سے حکمرانوں اور سیاسی نظام کی ناانصافیوں کے خلاف نفرت کے جذبات اور ایک مسلم ملک اور معاشرے پر غیر ملکی تہذیب، تمدن اور سیاست کا غلبہ موجود ہونا لازمی ہیں۔ پاکستان میں یہ تمام عوامل موجود ہیں لیکن اسلامی انقلاب برپا ہونے سے قبل علماء کی قیادت میں ایک عظیم اسلامی تحریک کا ابھرنا بھی نہایت اہم ہے۔ اس کی زندہ مثال ایران میں اسلامی انقلاب کا رونما ہونا اور دار الکفر اور مغرب کی کافرانہ تہذیب اور اس کی سیاسی عیاریوں کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دینا ہمارے سامنے موجود ہے۔ آج پاکستان میں ایک متقی قیادت کا رونما ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اسلامی انقلاب کے ذریعے ایک اسلامی ریاست کا قیام ہی پاکستان کے وجود کو قائم رکھ سکتا ہے۔

ایک بنیادی حقیقت اب بالکل واضح ہو چکی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ پاکستان کا وجود اسی وقت ممکن ہے جب اس ملک کے عوام ایک اخلاقی، ملی اور دینی منزل کو اپنا لیں اور اس پر مکمل اتفاق رائے اور یکجائی ہو جائے۔

سیمینار میں شریک مندوبین میں سے شیخ اسعد التمیمی، آصف حسین، ڈاکٹر یعقوب ذکی، مولانا سلیمان طاہر، مرتضیٰ پویا، امان اللہ شادیزئی، ظفر بنگش، پروفیسر زاہد حسین، مولانا عبد الغفور بلوچ، مولانا قمر الدین ہاشمی، مولانا عبد الخالق سحر بانی بلوچ، مولانا عزیز الرحمن اور شریف بقا نے بھی اپنے مقالے پیش کئے اور پاکستان کو درپیش مختلف مسائل پر روشنی ڈالی۔

سیمینار کے پہلے دن ہی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس کے ذمہ سیمینار کی رپورٹ تیار کرنا اور قرارداد پیش کرنا تھے۔ کمیٹی کی رپورٹ اور قراردادیں سیمینار کے آخری دن ۲۶ اگست بروز پیر پیش ہوئیں۔ اور چند ترامیم کے بعد قراردادوں کو اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں کے ساتھ قبول کر لیا گیا۔

کمیٹی کی رپورٹ اور قراردادوں کا مکمل متن

صفحہ نمبر ۲ پر شائع کیا گیا ہے۔

مسلم انسٹی ٹیوٹ آف لندن کے زیر اہتمام لندن یونیورسٹی کے لوکن ہال میں پاکستان کے مستقبل پر عالمی سیمینار کی افتتاحی نشست

مسجد اقصیٰ کے سابق امام شیخ اسعد التمیمی جمعرات کی صبح کو مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن کے زیر اہتمام سیمینار میں
انقلاب اسلامی ایران کے موضوع پر اکیڈمی ٹیوٹ آف ایجوکیشن لندن یونیورسٹی میں خطاب کر رہے ہیں

# اسلام بڑی طاقتوں کے چنگل سے نجات دلا سکتا ہے

## لندن میں اسلامی انقلاب کے موضوع پر سیمینار ختم ہو گیا

لندن — مسلم انسٹی ٹیوٹ

### ایران کے اسلامی انقلاب سے

### دشمنان اسلام میں کھلبلی مچ گئی

### مسجد اقصیٰ کے سابق امام التمیمی کا خطاب

### اسلامی نظام حکومت

### پوری امت ہی طے کر سکتی ہے




قربانی

سنتِ ابراہیمی

برادرانِ اسلام ۔ ہمارے ہاں ہمیشہ کی طرح اس سال بھی عید قربان کے موقع پر پہلے سے بہتر انتظامات ہیں۔ آپ سے گذارش ہے کہ اس نیک سعادت کے لئے ہمیں اس مرتبہ پھر خدمت کا موقع دیں۔ شکریہ

مذبحہ خانہ میں خصوصی سہولت

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Please Visit Us For Halal Meat & Spices

AFRO ASIAN
918 PAPE AVENUE
TORONTO
PHONE: 463-1287

عید مبارک

آپ کی خوشنودی ہمارا شیوہ ہے۔


# افغانستان کا مسئلہ پیدا کرنے میں امریکہ برابر کا شریک ہے

## روس کے ساتھ تصفیے کے امکان کو امریکہ نے سبوتاژ کر دیا، مرتضیٰ پویا

## ایران پر حملے کا حکم بھی امریکہ نے دیا تھا

آرڈی ننس قادیانیوں کی مذہبی آزادی کے منافی نہیں، یہ قرآن و سُنت کے عین مطابق ہے، عدالت کا فیصلہ

# وفاقی شرعی عدالت نے آرڈی ننس کے خلاف قادیانیوں کی درخواستیں مسترد کر دیں

قادیانی مرزا غلام احمد کو نبی، مسیح موعود یا مہدی موعود جو چاہیں تسلیم کریں، انہیں صرف خود کو بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر مسلمان کہنے یا ظاہر کرنے سے روکا گیا ہے

## مسجد کی اصطلاح اور اذان کے الفاظ کے استعمال سے ناواقف مسلمان دھوکہ کھا سکتے ہیں

قادیانیوں کیلئے مسلمانوں کیلئے مخصوص القابات کے استعمال پر پابندی سے آئینی ترمیم کا تقاضہ



## پھر یکارا مشترکہ پتنگ ٹورنامنٹ کا افتتاح

## پنجاب میں 50 ہزار سے زائد افراد پر مشتمل صلوٰۃ کمیٹیوں کا قیام

## یوم آزادی کے موقع پر نظام صلوٰۃ نافذ کرنے کا اعلان کر دیا گیا

ناظمین کونسلوں کے توسط سے صدر کو رپورٹ پیش کریں گے

نظام صلوٰۃ فوجی آپریشن طریقے سے رائج کیا جائے گا

## اصغر خان اور مصطفیٰ جتوئی کو راولپنڈی لایا گیا تھا

اگلے ماہ وفاقی مجلس شوریٰ کا اجلاس بلایا جائیگا

## فوج کو سیاست سے الگ رہنا چاہیئے، آیت اللہ خمینی

اسلامی جمہوریہ ایران کا انحصار افراد پر نہیں۔ بارودی سرنگیں بچھانے کی سفارش



## ایران نے پاکستان سے شہنشاہ کے ہیرے جواہرات واپس کرنے کا مطالبہ کر دیا

چیمپئن شپ والے آنکھیں

## بھنڈراں والا زندہ ہو سکتے ہیں تو ........

پاکستانی اخبارات افواہیں پھیلا رہے ہیں دراندرا، پاکستانی ٹیلیویژن نے مناظر کو توڑ مروڑ کر پیش کیا، امرودھا

دہلی میں پاکستانی جاسوسوں کے گرفتار کرنے کا کوئی واقعہ سامنے نہیں آیا، پارلیمنٹ میں وضاحت

# انتخابات کے بعد مارشل لاء جاری رہیگا

قومی اسمبلی کے ۵ امیدوار کا نام ۵۰ اور صوبائی اسمبلی کے امیدوار کا نام ۳۰ افراد پیش کریں گے، ضیاء کی مدیران سے بات چیت

## انتخابی جلسوں کا انتظام الیکشن کمیشن کرے گا

قصاص و دیت کے بارے میں جامعہ ازہر اور مدینہ یونیورسٹی سے مشورہ لیا جائے گا

## انتخابات سے قبل تمام سیاسی لیڈر رہا کر دیئے جائیں گے

صدر نے نظام حکومت کے بارے میں ریفرنڈم کی تجویز مسترد کر دی

## نظام صلوٰۃ چادر چار دیواری کے منافی ہے

صدارتی حکم پی اعتزاز احسن کا رد عمل

دو معصوم بچوں کو ہتھکڑیاں لگا کر عدالت میں پیش کرنے کے لئے لے جایا جا رہا ہے۔ (فوٹو جنگ)

پتنگ لوٹنے کا شوق معصوم بچوں کو حوالات لے گیا

ننھے ننھے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں لگ گئیں

گھر میں کوئی روٹی نہ پک سکی

مجسٹریٹ نے جسمانی ریمانڈ دینے سے انکار کر کے ملزموں کو رہا کر دیا

بچے ساری رات حوالات میں رہے

۳۰ گھنٹے ناکردہ جرم کی سزا کاٹی

## سانپ کا ڈسوا کر سرور حاصل کرنیوالوں کی تعداد میں اضافہ

اسنیک بائٹنگ کے شوقین نوجوان بے ہوش نہیں ہوتے۔ یہ لت تیزی سے پھیل رہی ہے

## کینیڈا میں انتہا پسند سکھ لیڈروں کی موجودگی پر بھارت کو تشویش

## ”موجودہ مجلس شوریٰ غیر اسلامی ہے“ مفتی نعیمی

”نفاذ اسلام کے سلسلے میں اقدامات اسلام کی روح کے مطابق نہیں“

لاہور۔ مجلس شوریٰ کے ایک رکن مفتی محمد حسین نعیمی نے کہا ہے کہ موجودہ مجلس شوریٰ غیر اسلامی ہے کیونکہ اس کے ارکین اس معیار پر پورے نہیں اترتے جو مجلس شوریٰ کے ارکین کے لئے اسلام نے طے کیا ہے۔ مفتی محمد حسین نعیمی لاہور پریس کلب کے ارکین سے گذشتہ روز خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے مجلس شوریٰ کو غیر اسلامی قرار دینے کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اسلام نے ارکین کے معیار کے لئے تین شرائط عائد کی ہیں۔ اول شوریٰ کے ارکین دیانت دار ہوں۔ ان کے کردار پر کسی قسم کا شبہ نہ کیا جا سکے۔ دوسرے ارکین شوریٰ ذاتی طور پر مشورہ دے سکیں اور تیسرے وہ عوام کے سامنے جواب دہ ہوں۔ مفتی صاحب نے پاکستان میں نفاذ اسلام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اس سلسلے میں جو اقدامات کئے ہیں وہ اسلام کی صحیح روح کے مطابق نہیں ہیں۔

پاکستان بھی کی ونڈ کی خریداری کا خواہشمند ہے، ریڈیو انڈیا

روس سے ابھی قیمت طے نہیں ہوئی

دو چینی سائنسدان کہوٹہ کے ایٹمی پلانٹ میں کام کر رہے ہیں، ڈیلی ٹیلیگراف کا دعویٰ

## لاہور پولیس نے بے قصور نوجوان کو ہلاک کر دیا

گورنر ہاؤس کے سامنے رشتہ داروں کا احتجاجی مظاہرہ

## ناظمین صلوٰۃ کا تقرر ۲۰ دن کے اندر کر دیا جائے گا!

## کراچی میں سیاستدانوں کا دو روزہ خفیہ اجلاس ختم ہو گیا

الیکشن سے قبل مارشل لاء کے خاتمے اور انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ

پندرہ روزہ
الہلال
سٹوڈانسٹولنیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو! جو لوگ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

## پاکستان کا مستقبل کیا ہے؟

پاکستان کا مستقبل کیا ہے؟ بظاہر ایک سوال لیکن اصل میں ایک بے رحم حقیقت جس کا سامنا کرنے کا حوصلہ شاید ہی کسی پاکستانی فرد یا جماعت کے پاس رہ گیا ہو۔ پچھلے ۴۷ سال میں پاکستان کے حکمران گروہ نے اپنے مفاد کی خاطر مسلمانان پاکستان کی آرزوؤں اور جذبوں کا جس بے دردی سے خون بہایا ہے اس کا فطری ردعمل اگر کوئی ہو سکتا ہے تو وہ یہی سوال کہ آخر ہمارا مستقبل کیا ہے؟

برصغیر کے مسلمان صدیوں سے نام نہاد مسلمان خاندانی بادشاہتوں، انگریزوں کی غلامی اور ہندوؤں کی سازشوں کے طویل اور کربناک تجربے کے بعد جس سوال سے دوچار ہوئے تھے وہ یہی تھا کہ بحیثیت مسلمان ہمارا مستقبل کیا ہے؟ صدیوں کے غلامانہ تجربات کے حاصل اس سوال کا جواب علامہ اقبال نے مسلمان قوم کے لئے ایک ایسا خطۂ ارضی کی صورت میں دیا کہ جہاں مسلمان مکمل آزادی کے ساتھ خدا اور اسکے رسولؐ کے بتائے ہوئے راستے پر چل کر دنیا کی رہنمائی کا فریضہ انجام دے سکیں۔ مسلمان عوام کی تمناؤں اور آرزوؤں کے مظہر کے حصول کیلئے قیادت کی سعادت محمد علی جناح کے حصے میں آئی۔ جنکی فقید المثال قیادت کے اعتراف کے طور پر پاکستانی مسلمان آج بھی انہیں قائد اعظم کے نام سے پکارتے ہیں اسی قیادت کی دانائی، خلوص اور عزم کے نتیجے میں مسلمان قوم نے گھر بار، مال و دولت اور لاکھوں عصمتوں اور جانوں کو قربان کر کے جس عزیمت اور شعور کی لازوال مثال قائم کی اس کی بنیاد اگر کوئی تھی تو صرف اور صرف یہ نعرہ "پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الٰہ الا اللہ"

لیکن پاکستانی مسلمانوں سے زیادہ بدنصیب شاید ہی کوئی ہو جنہیں قیادت کے اعتبار پر سب کچھ قربان کرنے کے باوجود نہ تو منزل ملی اور نہ ہی منزل کا سراغ۔ کہنے کو ایک خطۂ ارض پاکستان کے نام سے وجود میں تو آ گیا لیکن روز اول سے وہی طبقے اس کے سر پر مسلط کر دئیے گئے جن کے بل پر انگریزوں نے مسلمانوں کو غلام بنائے رکھا تھا۔ انگریز نے اپنے اقتدار کے تحفظ کیلئے جس فوج کو منظم کیا تھا اور جو فوج تاج برطانیہ کی وفاداری کا حلف اٹھائے ہوئے تھی وہی فوج "مملکت خداداد" کی حفاظت کی ذمہ دار ٹھہری۔ انگریز نے جس افسر شاہی کو اپنے مقاصد کے حصول کے لئے تیار کیا تھا اسی نوکر شاہی نے پاکستان کی قسمت اپنے ہاتھ میں لے لی۔ انگریز نے تخت برطانیہ کی بقا کیلئے جاگیروں اور مالی نوازشوں کے ذریعے جو مقامی جاگیردار و سرمایہ دار طبقہ تخلیق کیا تھا وہی جاگیردار و سرمایہ دار سیاست کے راستے سے پاکستان کے مالک بن گئے۔

قیادت کی نا اہلی کہیئے یا مسلمانان پاکستان کی سادگی لیکن تلخ ترین حقیقت یہی ہے کہ پوری تاریخ انسانی میں پاکستان کے نام پر کئے گئے بے رحم مذاق کی مثال ڈھونڈے سے بھی نہیں ملے گی۔ عوام نے جس قیادت کو مسلمان جانتے ہوئے اسکے اعتماد پر تن من دھن خدا کی راہ میں داؤ پر لگا دیا تھا اس قیادت کے دل میں مسلمان ہونے کی حیثیت سے انگریزوں اور ہندوؤں کے مقابلے میں مسلمان عوام کے لئے پرخلوص قومی تعصب تو موجود تھا لیکن مسلمان قوم کے اجزائے ترکیبی اور اسکی زندگی کے لئے مطلوبہ عوامل سے یہ قیادت ایسے ہی بے خبر تھی جیسے ترکی کا اتاترک، انڈونیشیا کا سوئیکارنو یا مصر کا جمال عبدالناصر۔ قائد اعظم کی دانائی، خلوص اور عزم کے نتیجے میں ایک کٹا پھٹا ملک تو وجود میں آ گیا لیکن اسلام کے پیغام و اسکی اصل انقلابی روح سے ناواقفیت کے باعث ملک کی قسمت انہی لٹیروں اور ڈاکوؤں کے ہاتھ میں چلی گئی جنہوں نے پہلے انگریز کی غلامی کر کے مسلمان عوام پر آقائی کے نشے لوٹے تھے اور اب انگریزوں کے رخصت ہونے پر ہندو اکثریت کے خوف سے نجات کے بعد امریکہ و برطانیہ کو ہی اپنا آقا و مولیٰ مان کر اپنی سفاکیوں اور مکاریوں کا نیا بازار گرم کر دیا۔ تاج برطانیہ کی وفادار اس فوج، افسر شاہی اور سیاستدان طبقے نے پچھلے ۴۷ سال میں مسلمان عوام کو صرف غلام بنا کر حکومت کرنے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنی بدکرداری اور امریکہ و برطانیہ کی غلامی کے نتیجے میں بے مثال قربانیوں سے حاصل کئے گئے اس ملک کے جواز کو ہی گم کر دیا ہے۔ اور جب کسی ملک کے قیام کا جواز ہی ختم ہو گیا تو پھر ملک کیسا؟

### گزری ہوئی تاریخ سے سبق لو

**القرآن**

کیا یہ لوگ کبھی زمین میں چلے پھرے نہیں ہیں کہ انہیں ان لوگوں کا انجام نظر آتا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں، وہ ان سے زیادہ طاقتور تھے اور ان سے زیادہ زبردست آثار زمین میں چھوڑ گئے ہیں مگر اللہ نے ان کے گناہوں پر انہیں پکڑ لیا اور ان کو اللہ سے بچانے والا کوئی نہ تھا۔ (المومن ۲۱)

### قربانی کی اہمیت

**السنۃ**

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو وسعت ہو اور قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے نزدیک نہ آئے۔ (احمد و ابن ماجہ)

# عظیم الشان آزمائش

دعوت و عزیمت کی تاریخ میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مقام تمام انبیاء کرام میں ممتاز و نمایاں ہے۔ دعوت توحید میں جن مصائب و آلام کا سامنا کیا اور جن آزمائشوں سے وہ کامیاب اور سرخرو ہو کر نکلے اس میں ان کا شاید ہی کوئی ثانی ہو۔

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی پر آشوب زندگی کو ہم دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں وہ قوم کو دعوت توحید دیتے ہیں، ان کے معبودان باطل کا خاتمہ کر کے دعوت حق دیتے ہیں اور اس کے نتیجے میں اس وقت کے حکمران ان کو جلا کر ختم کر دینا چاہتے ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام اس آزمائش میں بھی پورے اترے۔ وہ اللہ کی حفاظت میں رہے جب کہ ان کے دشمنوں کو ذلت و رسوائی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔ قرآن کریم نے حضرت ابراہیم کے اس مرحلے کو مختلف مقامات پر پیش کیا ہے۔

دوسرا مرحلہ ہے اس عظیم قربانی کا جسے خلیل اللہ نے ایک سچے خواب کے بعد پیش کیا وہ عظیم قربانی اور اطاعت و وفا کا جذبہ جس کی نظیر نظریات کی دنیا میں ملتی ہے نہ اس کی مثال طویل انسانی تاریخ میں نظر آتی ہے جس کا ذکر سورۃ صافات میں کیا گیا ہے جب انہوں نے کہا کہ:

"انی ذاھب الی ربی سیھدین"

کہ میں اپنے رب کی طرف جاتا ہوں وہ میری رہنمائی کرے گا۔ یہ ان کی ہجرت تھی اپنے رب کی طرف جب انہوں نے اپنے والدین، اپنی قوم، بہن بھائی و عیال، اپنا گھر اپنا وطن، اور اپنی ہر اس چیز کو چھوڑ دینے کا فیصلہ کیا جس سے اس زمین پر انسان کا کسی بھی قسم کا تعلق ہوتا ہے وہ اپنے رب کی اطاعت کے سوا ہر چیز سے ہجرت کر رہے تھے۔ ابراہیمؑ یقین کے ساتھ کہ ان کا رب صراط مستقیم کی طرف ان کی رہنمائی کرے گا اور کٹھن مرحلے پر ان کی حفاظت کرے گا ابراہیمؑ جو اب تک اکیلے تھے۔ انہوں نے صرف اللہ کی رضا کے لئے اہل و عیال، ساتھیوں اور جاننے پہچاننے والوں کو خیرباد کہا تھا۔ ان کا کوئی مونس اور غم خوار نہ تھا۔ وہ یکا و تنہا اس مبارک سفر پر روانہ ہوئے اور اس دوران وہ اپنے ساتھی اور اپنے جانشین کے لیے دعا کرتے ہیں جو خلف صالح ہو۔ فرماتے ہیں:

"رب ھب لی من الصالحین"

"اے رب مجھے صالح اولاد عطا فرما"

ابراہیمؑ جو اپنے پیچھے سب کچھ چھوڑ کر قلب سلیم لے کر اپنے رب کے حضور پیش ہو گئے۔ اس رب نے ان کی دعا قبول کی اور بشارت دی:

"فبشرناہ بغلام حلیم"

اور اس کو ایک بردبار بیٹے کی خوشخبری دی

لیکن ملت اسلامیہ کا بانی ابراہیم خلیل ابھی [illegible] دعاؤں اور التجاؤں کے بعد یہ بیٹا ملا تھا۔ ایک اور آزمائش سے دوچار ہوتا ہے۔ جو تاریخ انسانی اپنی نوع کی [illegible] ہے کہ وہ خواب میں حلیم [illegible] بیٹا [illegible] حقیقی ساتھی و مونس [illegible] خالق حقیقی کے حضور قربان کرنے کا حکم ملتا ہے جب بیٹا اسماعیل باپ کے ساتھ [illegible] چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا تو

"بیٹا میں نے خواب دیکھا ہے کہ تجھے ذبح کر رہا ہوں اب بتا تیری کیا رائے ہے"

بیٹا کہتا ہے:

"ابا جان! آپ کو جو حکم ملا ہے اس کی تعمیل کیجئے۔ اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے"

اسماعیل کتنا خوش نصیب تھا جس کا ایمان کتنا قوی تھا۔ ان کا بچپن کتنا پاکیزہ تھا کہ اس ایمان و یقین اور عزم کے باوجود یہ فرمایا کہ

"میرا سب کچھ دیکھنے والا مالک اس کی توفیق سے ہی ہو سکتی ہے اگر اس کی طرف سے ہمت نصیب ہوئی تو میں اس امتحان میں ضرور کامیاب ہوں گا۔"

باپ اور بیٹا ایک مرحلہ اور طے کرتے ہیں۔ فلما اسلما وتلہ للجبین۔ جب وہ دونوں مطیع ہو کر تیار ہو گئے باپ بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا کر [illegible] اور چھرا [illegible] سے پہلے باپ اپنے جگر گوشے کو ذبح کرنے کے لئے لٹا دیتا ہے [illegible]

چیزوں کی کوئی حیثیت نہ تھی وہ صرف اللہ [illegible] تھا اور انہیں دیکھنا چاہتا تھا کہ [illegible] ان کے میزان میں ان چیزوں کی کوئی اہمیت نہیں اور پھر جس میزان میں ابراہیمؑ و اسماعیلؑ نے [illegible] اپنے جذبات اور اپنے ایمان کے پاکیزہ [illegible] کر دیا تھا وہاں دیگر تمام محسوسات کی حیثیت [illegible] آزمائش پوری ہو گئی۔ امتحان ہو چکا۔ [illegible] مقاصد پورے ہو گئے۔

ہم نے کہا اے ابراہیم تم نے [illegible] سچ کر دکھایا ہم اس طرح نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں یقیناً یہ ایک کھلی آزمائش تھی اور ہم نے ایک عظیم قربانی فدیہ میں دے کر [illegible] (الصافات)

[illegible] نظر تھا۔ حکمت [illegible] سکھائے کس نے اسماعیل کو آداب فرزندی

## پائندہ تحریریں

### اسلامی اعتقاد

"اسلامی اعتقاد کس چیز کا نام ہے۔ دراصل یہ ایک ایسا اعتقاد اور تصور ہے جس کا پودا انسان کے شعور و ادراک میں اس وقت پھوٹتا ہے جب وہ عقیدہ اسلام کے حقائق کو ربانی ذریعہ کو براہ راست سچائی سرچشمۂ ہدایت (قرآن) سے اخذ کرتا ہے اور جب اس تصور اور اعتقاد کا نقش پوری طرح انسان کے ذہن پر مرتسم ہو جاتا ہے تو پھر اسے اپنے وجود کی حقیقت کا عرفان حاصل ہوتا ہے، جس کائنات میں وہ سانس لے رہا ہوتا ہے اس کی مخفی اور جلی حقیقتیں بھی اسی وقت اس پر منکشف ہوتی ہیں جس زندگی کی بدولت وہ زندہ انسان میں شمار ہوتا اور ان کے ساتھ مربوط ہوتا ہے اس کے پنہاں اور عیاں حقائق بھی اس پر روشن ہو جاتے ہیں اور ساتھ ہی عرفان ذات بھی اسے نصیب ہوتا ہے۔ یعنی وہ خود انسان کی اصلیت سے باخبر ہو جاتا ہے پھر اسی تصور کی بنیاد پر وہ تمام حقائق کے ساتھ اپنے معاملات کی کیفیت متعین کرتا ہے۔ اپنے پروردگار کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کرتا ہے جس میں اس کی عبودیت اور بندگی کے نور کا ظہور ہو، کائنات اور کائنات کے قوانین و نوامیس، ذی روح مخلوقات نوع انسانی اور اس کے مختلف اداروں کے بارے میں وہ ایسا رویہ اختیار کرتا ہے جس کی جڑیں اللہ کے دین میں پیوست ہوتی ہیں اور اس تعلیم سے ماخوذ ہوتی ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ انسانوں تک پہنچی ہے۔ جس طرح وہ اپنے پورے مدہ زندگی کے اندر اللہ کی عبودیت و بندگی کا اظہار کرتا ہے اور یوں اس کی زندگی کی تمام سرگرمیوں پر اسی پاکیزہ روشنی کی مہر ثبت ہوتی جاتی ہے"

**سید قطب شہید**

---

پاکستان کے وجود کو یقینی بنانے اور اس پاک سرزمین کے جواز کی جستجو و تعین کیلئے مسلم انسٹیٹیوٹ لندن کے زیر اہتمام لندن میں پاکستان کے علاوہ دنیا بھر سے درد مند مسلمانوں کا ایک اجتماع بلایا گیا۔ اس اجتماع نے ۱۶ اگست سے ۱۸ اگست تک مسلسل غور و فکر اور باہمی تبادلے کے بعد "پاکستان کے قیام کا مقصد، اسکے قیام کی جد وجہد، قیام کے بعد مقصد میں ناکامی اور پھر خود پاکستان کے وجود کی ہی شکست و ریخت کی وجوہات کے بارے میں" جس اجتماعی رائے اور پاکستان کے مستقبل کو یقینی بنانے کے لئے جس جواز کا تعین کیا ہے اس کی تفصیلی رپورٹ الہلال کے اس شمارے میں قارئین کے سامنے پیش کی جا رہی ہے۔ اگر قارئین اس موضوع پر کچھ کہنا چاہیں تو اس مقدس و محترم مقصد کیلئے یہ صفحات حاضر ہیں۔

# سرزمینِ حجاز سے اسلامی آثار کو مٹانے کی ناپاک سازش

حج کسی بھی مسلمان کیلئے سعادت عظیم ہی نہیں بلکہ استطاعت ہونے پر فرض لازم بھی ہے ۔ دنیائے اسلام کے اس عظیم سالانہ اجتماع کا مقصد صرف روحانی تجربات ہی نہیں بلکہ عالم اسلام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے موثرترین اجتماعی ذریعہ بھی ہے ۔ لیکن صد عین کی غلامی اور دشمنی ہے اس عظیم اجتماع کو اجتماعی مسائل کے حل کا ذریعہ بننا تو درکنار انفرادی طور پر روحانی تجربے سے مالا مال ہونے کو بھی ناممکن بنا دیا ہے ۔ ملت اسلامیہ کے محور و مرکز پر سعودی خاندان کے ناپاک قبضے اور مسلمانوں کو اجتماعی شعور سے بے خبر رکھنے کی حکایت طویل ہی نہیں کربناک بھی ہے ۔ ادارہ کریسنٹ و الہلال کے صحیفہ ڈائرکٹر جناب لطیف اویسی نے ۱۴۰۲ ہجری میں حج کی سعادت حاصل کی تھی ان کے تلخ مگر ذاتی تجربات و مشاہدات کی رپورٹ قارئین کی نذر ہے ۔

وہ مسلمان جو حج یا عمرہ ادا کرنے حجاز مقدس جاتے ہیں ان کی نگاہِ عقیدت اس پاک سرزمین پر ان نشانیوں کو تلاش کرتی ہے جو رسولِ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہدِ رحمت کی پہچان تھیں یہ وہ نشانیاں ہیں جو جدوجہدِ نبوی کی اسلامی جدوجہد کی یاد تازہ کرتی ہیں کہ حضور اکرم نے کس طرح کفار و مشرکین کے خلاف جہاد فرمایا۔ یہ انسانی نفسیات ہے کہ وہ موجودہ آثار کو ماضی سے مربوط کرتا ہے علاوہ ازیں یہ ضرورت ہے جس کی تکمیل حج کے عظیم اسلامی اجتماع سے کی گئی ہے۔ منجملہ دیگر ضرورتوں کے اس انسانی نفسیاتی ضرورت کو مناسک حج میں داخل کر دیا گیا ہے۔ لیکن واشنگٹن کے ان لوگوں پر جنہوں نے حجاج کو اس مقدس ماحول سے محروم کرنے کا عمل تیز کر دیا ہے جس کو آج حجاج کرام نگاہیں تلاش کرتی ہیں۔ جدید تعمیرات کے سبب آثار اور نشانیاں تیزی سے معدوم ہوتی دکھائی دیتی ہیں بیرونی دنیا کے مشتاق کہ مکہ مکرمہ اور مدینۃ الرسول کو مغربی شہروں مثلاً فرانسسکو، شکاگو، لندن یا پیرس کی طرز پر ترقی دی جا رہی ہے۔ اگر یہ عمل اسی طرح جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب یہی اسلامی تاریخ یاد دلانے والے مقدس آثار مٹ جائیں گے۔ سرزمینِ مقدس اور متبرک مقامات سے تہی ہو جائے گی جو اسلامی یادداشت کا سرمایہ افتخار ہیں، جن سے ہماری دینی روایات و تاریخ منسوب ہے۔ سعودی حکومت شہر نبوی اور شہر الٰہی کو جدید بنانے کے زعم ناقص میں منظم انداز میں بتدریج تباہ کرنے میں مصروف ہیں۔

شیشے اور کنکریٹ سے ایک بڑی عمارت بنائی گئی ہے جس کا مستانج لندنی طرز کی عمارتوں کی یاد دلاتی ہے۔ اس بلند و بالا عمارت کی تعمیر کا مقصد حجاج کی نگرانی پر کڑی نظر رکھنا ہے۔ یہ وزارتِ داخلہ کی ملکیت ہے اور ۱۹۸۹ء میں کئی مسجدوں کو تجدید کے بعد انہدام کر دیا گیا ہے۔ اس عمارت سے پیغام حضرت بلالؓ سے موسوم "مسجد بلالؓ" کو مکمل طور پر مسمار کیا گیا ہے جو اس عمارت کے عین عقب میں واقع ہے۔ پہاڑیوں پر بڑے بڑے ہوٹل اور فلیٹس بنائے گئے ہیں اور ایک شاہی محل بھی زیرِ تعمیر ہے۔

شہر کو جدید بنانے کا سلسلہ صرف حرم پاک تک ہی محدود نہیں بلکہ میدانِ احد کی وسعتوں میں بھی اب چند چھوٹی چھوٹی قبریں اور ایک چھوٹی سی مسجد باقی رہ گئی ہے۔ اس کے سوا جو کچھ تھا وہ اب تعمیرات کے صفحات میں چل دیا گیا ہے اور یہاں وہ تمام برائیاں اور بداعمالیاں ہو رہی ہیں جو غلط ذہنیت کے صفحات کی مرکزیں کا حصہ ہیں۔ صحابہؓ رسول حضرت سلمان فارسیؓ کا باغ بالکل صاف کر دیا گیا ہے اور کھجوروں کے وہ درخت بھی اکھاڑ پھینکے گئے ہیں جو حضور اکرمؐ نے اپنے دستِ مبارک سے لگائے تھے اور حجاج کرام ان درختوں کے خوشوں سے وہ ایک خرمہ کھانے کی آرزو لئے ہزاروں میل کا سفر طے کر کے حجاز مقدس آیا کرتے تھے یہاں اب سعودی شہزادوں اور امراء کی بیگمات کے عالیشان محلات بن چکے ہیں۔

مدینۃ الرسولؐ کے باقی حصوں کا حال بھی کچھ اس سے مختلف نہیں۔ جہاں کبھی میزبان رسولؐ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا مکان تھا وہاں اب وہاں بینک کھڑا ہے۔ وہ مکان تھا جس کے سامنے ہجرت کر کے مدینہ آنے والے رسالت کا ناقہ بیٹھ گیا تھا۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کا مکان چند برس قبل مسمار کر دیا گیا تھا اور آپ کا جسد مبارک پہلے سے لاپتہ جنت البقیع میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دیگر حصوں میں صورت حال یہ کہ جنت البقیع کو بھی برباد کیا جا رہا ہے۔ مزارات مقدسہ کو مسمار کر کے ہموار کر دیا گیا ہے اور وہاں پر بڑے بڑے ہوٹل تعمیر کئے جا رہے ہیں جن مقدس قبور کو اکھاڑ کر یہاں گندے پانی کے نکاس کے پائپ بچھائے جا رہے ہیں۔ یہ ہوٹل بظاہر وقف کی ملکیت ہیں مگر حکومت کے اعلیٰ افسران کو ٹھیکے پر دے دیئے گئے ہیں۔ جنت البقیع کی حالت زار اب مقام عبرت ہے۔ جگر گوشۂ رسولؐ مقبول حضرت بی بی فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ، حضرت عثمان بن مظعونؓ، امام مالکؒ اور خاندانِ رسالت کے دیگر مقدس مزارات کی پہچان اب ممکن نہیں رہی۔ یہاں شہر بھر کا کوڑا کرکٹ اور غلاظت کو پھینکا جاتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں ایرانی حجاج اکثر گریہ کیا کرتے تھے، یہیں سعودی پولیس نے ایرانی حجاج پر تیغ بے نیام کئے تھے۔

اصل میں سعودیوں نے ایرانیوں کے خلاف نفرت پھیلانے کی مہم کا آغاز حج پر آنے سے کافی عرصہ پہلے شروع کر دی تھی۔ ان کے بارے میں ایسے بے سروپا الزامات لگائے گئے کہ یہ لوگ آتش فشاں لے کر ایرانی حجاج حرم پر حملہ کر کے قبضہ کرنے آ رہے ہیں۔ یہ الزامات سعودی اور عالم اسلام کے دیگر خوشامدی اخبارات میں مسلسل دہرائے گئے اور سادہ لوح مسلمانوں نے ان الزامات پر یقین بھی کر لیا۔ ایرانی حجاج پر تخریب کاروں کا لیبل چسپاں کیا گیا۔ سعودی ٹیلیویژن تو افترا پردازی میں دو ہاتھ آگے ہی بڑھ گیا اور ان حجاج کو دہشت گرد قرار دیا۔ جب ہم جدہ پہنچے تو ہمیں ایک مجرم کی طرح پکڑ کر ایک کمرے میں منتقل کر دیا گیا جہاں ہم تین گھنٹے محبوس رہے۔ یہ کمرہ نہیں بلکہ اچھا خاصا قید خانہ تھا۔ اس کمرے میں کھڑکیاں نہیں تھیں بلکہ ایک بڑا سا آہنی سلاخوں والا دروازہ تھا جس کے باہر مسلح سعودی پولیس کے سپاہی کبھی کبھی اندر جھانک لیتے تھے۔ یہ جدہ کا حج ٹرمینل تھا جسے امریکیوں نے تعمیر کیا ہے اور وہی اسے چلاتے ہیں۔ اسی انداز میں جس طرح وہ سعودی عرب کی باقی دوسری تمام چیزیں چلا رہے ہیں۔ ہم برادر حاجی سے ٹوڈ نٹو میں مل چکے تھے۔ وہ اسلامی آئی ایم ایف کے اجلاس میں شرکت کے لئے آئے تھے جو ستمبر میں ہوا تھا۔

ایام حج میں ایک دوسرے سے بچھڑ جانا معمول ہے مگر برادر حاجی کی معیت میں ہم نے اپنے رفقائے بعض ساتھیوں کے ساتھ فریضہ حج ادا کیا جن کا تعلق نگ اور کچھ جنوبی ایشیاء، افریقی ملکوں سے تھا۔ اور ایسی بھی تحریک اور فعال اور تنظیم نہیں تھی۔ حج ٹرمینل چھوڑنے سے قبل ہم سے ۲۷۵ سعودی ریال فی کس کے حساب سے بطور معلم فیس جبراً وصول کئے گئے۔ یہ کیوں کی ضرورت نہیں کہ معلمی کا پیشہ نام ورانہ ہی یہاں ایک بڑا ڈھکوسلا ہے۔ یہ غنایت خسروانہ در اصل ان ہی کی جانب ہے جو سعودی حکومت کے منظور نظر ہوتے ہیں۔ معلم نہ صرف حجاج کو لوٹتے ہیں بلکہ ان کے پاسپورٹ بھی اپنے پاس رکھ کر ان کو اپنے چنگل میں پھانس لیتے ہیں۔

جب میں نے اپنا لباس اتار کر احرام باندھا تو مجھ پر خلاقِ کائنات کی ہیبت طاری ہو گئی تھی۔ خود کو مالک الملک کے سامنے پیش کرتے ہوئے میں لبیک کہتا تھا۔ مجھ میں تلبیہ پڑھنے کا بھی حوصلہ نہیں پیدا ہو رہا تھا۔ "لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ"۔ میں یہاں حاضر ہوں اے میرے رب۔ تیرا کوئی شریک نہیں مالک میں حاضر ہوں۔" اتنے میں برادر حاجی نے میرا بازو پکڑا اور کہا۔ "برادر لطیف امت اور مسلمانوں کے اتحاد کے لئے دعا کرو!"

ان الفاظ کا میرے کانوں میں گونجنا تھا کہ میرا خدشہ جاتا رہا اور گزرتا ہوا وقت میں نے خود کو پوری امت کا حصہ محسوس کیا۔ اب میں تنہا ایک فرد نہ تھا بلکہ میرا احساس بالکل بدل چکا تھا۔ میں پھیل گیا تھا میرے کانوں کے سامنے بیروت کا قتل عام ہی نہیں پوری امت کی بے بسی گھوم گئی۔ یہ وہ لمحہ تھا جب میں نے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اپنے رب سے حضور جن ظالموں سے نجات پانے اور مسلمانوں کے درمیان اتحاد و یکجہتی کی صدق دل سے دعا کی جن کی تعداد ایک ارب ہے مگر یہ اتنی بڑی طاقت بٹی ہوئی ہے۔

حرم میں داخلے کے متعدد دروازے ہیں جن میں سے بعض اہم یہ ہیں۔ بابِ نبیؐ، بابِ علیؓ، بابِ جعفرؓ وغیرہ ان میں سے ایک دروازہ بابِ ملک عبدالعزیز بھی ہے جو آل سعود کا بانی تھا۔ یہ دروازہ سب سے بڑا اور انتہائی مزین ہے۔ حرم میں داخلے کے ہر دروازہ پر سخت حفاظتی انتظامات ہیں۔ پولیس ہر شخص کی بچی طرح تلاشی لیتی ہے۔ ہر دروازے پر مشتمل رجی تفری تعینات کی جاتی ہے۔ تمام اہم اور کلیدی مقامات پر فوج نظر آتی ہے جو اپنے ہتھیاروں کی نمائش کرتی دکھائی دیتی ہے۔ پولیس حجاج کے ساتھ بڑی سختی سے پیش آتی ہے۔ اکثر یوں ہوتا ہے کہ پولیس والے موٹر سائیکلوں پر آ دھمکتے ہیں اور بلاوجہ حجاج پر ڈنڈے برسا کر چلے جاتے ہیں۔ حجاج یہ مظالم بڑی خاموشی سے پی جاتے ہیں۔

حرم پاک کا اندرونی ماحول بڑا روح پرور ہوتا ہے انسان خود کو اپنے رب کے بہت قریب محسوس کرتا ہے۔ باہر طواف کرتے ہوئے تو عالم ہی کچھ اور ہوتا ہے۔ حرم کے باہر ایک بڑی شاپنگ مارکیٹ کی طرح ہے جہاں تمام جدید ترین اشیاء کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔ یہ بازار اشیاء سے بھرا پڑا ہے۔ یہاں حجاج کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ مگر جیسے ہی کوئی ایرانی حاجیوں کا گروپ اس بازار کا رخ کرتا ہے سعودی پولیس پہنچ جاتی ہے اور انہیں منتشر کر دیتی ہے جب وہ منتشر ہونے سے انکار کرتے ہیں تو سعودی پولیس ان پر بلا جھجک ٹوٹ پڑتی ہے۔ اس کارروائی کے نتیجے میں متعدد ایرانی حاجی زخمی ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے بیشتر کو گرفتار کر لیا گیا حتیٰ کہ ان کے رہنما تک کو نہیں بخشا گیا۔ گرفتار شدگان میں حج کے ایرانی رہنما حجت الاسلام موسوی اور آیت اللہ خمینی بھی شامل تھے جو ایرانی انقلابی کونسل کے ممتاز رکن تھے۔ ایرانی حجاج حج کے اس موقع پر یہ نعرے لگاتے تھے: "اللہ اکبر، مرگ بر اسرائیل اور مرگ بر امریکہ!"

سعودی وزیر داخلہ نے ایرانی رہنما حجت الاسلام خوئینی سے ملاقات کی اور انہیں سیاسی نعرے لگانے سے منع کیا۔ ایرانی رہنما نے وزیر داخلہ کو بتایا کہ لبنان پر صیہونیوں کے اور افغانستان پر روس کے قبضے سے جو تشویش پیدا ہوئی ہے وہ نعرہ بازی ختم نہیں ہو سکتی۔ ایرانی رہنما نے سعودی وزیر داخلہ سے کہا کہ جب لبنان میں صیہونیوں نے مسلمانوں کا قتل عام کیا تو تم نے ان کی طرف انگلی تک نہ اٹھائی اور اب جبکہ مسلمان ان کی مذمت کرتے ہیں تو تمہیں تشویش لاحق ہو گئی ہے۔ سعودی وزیر نے جواب دیا کہ "یہ مسائل مذاکرات سے طے ہونے چاہئیں کیونکہ مسلم عوام بے وقوف اور جاہل ہیں جو ان مسائل کو نہیں سمجھ سکتے۔"

مسلم عوام کی اس توہین کے بعد سعودی دنیا بھر میں معروف ہیں۔ ان کا توہین آمیز رویہ حجاج کے ساتھ کوئی حیرت کی بات نہیں تھی۔ سعودی پولیس حجاج کرام کے بارے میں عموماً ایسے کلمات ادا کرتی ہے: "یہ حاجی بھکاری ہیں۔ یہ بہت غلیظ لوگ ہیں۔"

